www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



جائے تو مکمل سیرت سامنے آجاتی ہے۔

اردو زبان کے سوانحی ادب میں زیرِ نظر تالیف ایک اہم اضافہ ہے۔

(۵)

نام کتاب :۔ نورالدین زنگی

مؤلف :۔ طالب ہاشمی

طباعت وکتابت :۔ عمدہ

صفحات :۔ ۳۳۲ ، قیمت : ۱۱ روپے

ناشر :۔ قومی کتب خانہ ۔ ریلوے روڈ ، لاہور

نورالدین محمود زنگی تاریخِ اسلام کی ان ہستیوں میں سے ہیں ۔ جن پر مسلمان بجا طور پر ناز کر سکتے ہیں ۔ حیرت ہے کہ بقول مؤلف کتاب ہذا اردو زبان میں نورالدین زنگی مرحوم پر کوئی کتاب نہ لکھی جا سکی ۔ علامہ شبلی مرحوم نے "ناموران اسلام" کی سیرت نگاری کا پروگرام بنایا تو اس رجلِ عظیم کو شامل کیا۔ مگر قدرت نے انھیں اپنا منصوبہ مکمل کرنے کی مہلت نہ دی ۔

آج ہمارے نوجوان "اسلامی تاریخی ناولوں" کے رسیا ہیں جن میں مصنوعی جاذبیت پیدا کرنے کے لیے عشق وعاشقی کے قصّے شامل کئے گئے ہیں ۔ بظاہر قاری ان سے لطف اندوز تو ہوتا ہے مگر تاریخ کا صحیح شعور حاصل نہیں کر سکتا ۔ ان حالات میں یہ ضروری ہے کہ تاریخی واقعات بلا کم وکاست اور بغیر کمی بیشی کے پیش کر دیئے جائیں ۔ طالب ہاشمی نے زیرِ تبصرہ تالیف میں اس پہلو پر خاص طور پر زور دیا ہے ۔

جناب طالب ہاشمی نے ناموران اسلام کی سوانح شروع کر کے شبلی نعمانی کے مشن کو زندہ کیا ہے۔

(۶)

نام کتاب :۔ تہافۃ الفلاسفہ (تلخیص وتفہیم)

مؤلف :۔ مولانا محمد حنیف ندوی

طباعت :۔ آفسٹ صفحات :۔ ۲۲۰ قیمت :۔ ۱۲/- روپے

ناشر :۔ ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ ۔ لاہور

مولانا محمد حنیف ندوی علمی ودینی حلقوں میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ۔ ان کی فکر انگیز تالیفات نے غور وفکر کے کئی گوشے وا کئے ہیں ۔ امام غزالیؒ کے افکار پر ان کی تین کتابیں ، سرگذشتِ غزالی ،



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ